## سوال

قرض لینا کب جائز اور کب ناجائز ہوتا ہے ؟

## جواب

السلام علیکم ورحمتہ اللہ وبرکاۃ

جناب امید کرتا ہوں کہ تمام احباب واخوان اللہ تبارک وتعالی کی رحمت سے ٹھیک ہونگے میرا سوال یہ ہے کہ کیا ہاوس بلڈنگ فنانس کارپویشن اسلامی اصولوں کے عین مطابق ہے یا نہیں ؟ اس سے قرضہ لینا جائز ہے کہ نہیں ؟ براہ کرم قرآن وسنت کی روشنی میں مجھے اس کا حل بتا کر شکریہ کا موقعہ دیں جواب سوال مکمل اور واضح ہونا چاہیے ۔ آپ سوال میں اس ادارے کے بارے تفصیل سے لکھیں اوران کے ہاں قرض دینے کا جو طریق کار اور شرائط موجود ہیں ، وہ بھی لکھیں تو آپ کے سوال کا جواب دے دیا جائے گا ۔ یہ واضح رہے کہ ایک عالم دین یا مفتی فقہ الاحکام یا شرعی احکام کا عالم ہوتا ہے جہاں تک امر واقعہ یا فقہ الواقع کا تعلق ہے تو اس کا دائرہ بہت وسیع ہے اور وہ عالم کا میدان نہیں ہے لہذا صورت واقعہ یا امر واقعہ یا سوال کی نوعیت کو تفصیل سے واضح کرنا سائل اور مستفتی کی ذمہ داری ہے ۔ جزاکم اللہ خیرا

**محدث فتویٰ کمیٹی**

دارالافتاء محدث